اعلان عام برائے نیلامی

عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہیں۔ کہ ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کرک میں موجودہ ناقابل استعمال پرانا، ناکارہ اور متروک سامان/اسکرپ کی کھلی عام نیلامی بمورخہ 22.12.2026 کو بوقت 11:00 بجے دن دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال کرک منعقد کی جائے گی۔ تمام دلچسپی رکھنے والے افراد، ٹھیکیداران اور فرمز درج ذیل شرائط وضوابط کے مطابق نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط وضوابط:

۱۔ نیلامی میں شرکت کرنے والے خواہشمند افراد کو مبلغ -/300000 ہزار روپے قابل واپسی بطور سیکورٹی زر ضمانت نیلامی سے قبل دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میں جمع کروانا ہوگا۔

۲۔ نیلامی کو بولی کے ذریعے منعقد کی جائے گی۔ اور سب سے زیادہ بولی دینے والے شخص/فرم کو کامیاب قرار دیا جائے گا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی منظوری کے بعد مقررہ مدت یعنی 15 دن کے اندر مکمل رقم سرکاری خزانے میں جمع کروانا ہوگی۔ جبکہ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم مقررہ میعاد یعنی تین دن میں ہسپتال ھذا کو جمع کرنا لازمی ہے۔

۴۔ مقررہ مدت میں رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں سیکورٹی رقم ضبط کرلی جائے گی۔ اور ہسپتال انتظامیہ کو اگلی موذوں بولی قبول کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

۵۔ نیلام شدہ سامان کی حوالگی مکمل ادائیگی اور تمام قانونی تقاضے پورے ہونے کے بعد کی جائے گی۔

۶۔ بولی دہندگان نیلامی سے قبل دفتری اوقات کار میں سامان کا معائنہ کرسکتے ہیں۔

۷۔ ہسپتال انتظامیہ کسی بھی بولی کو بغیر کوئی وجہ بتائے قبول یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

۸۔ تمام ٹیکسز لوڈنگ، ان لوڈنگ، ٹرانسپورٹیشن، دیگر اخراجات کامیاب بولی دہندہ کے ذمہ ہوں گے۔ نیلامی کے دوران امن وامان اور سرکاری قوائد وضوابط کی پابندی لازمی ہوگی۔

۹۔ مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال کرک سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ: کامیاب بولی دہندہ مکمل ادائیگی کے بعد سات دن کے اندر سارا سامان ہسپتال سے لے جانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر تمام رقم بحق سرکار ضبط کی جائے گی۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
ڈی ایچ کیو ہسپتال کرک۔
25/11/2026
Medical Superintendent
DHQ Hospital Karak